15-01-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	ترجمۃ و تفسیر (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________________________

نام طالبعلم: ____

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "الفوز الکبیر" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) تفسیر (ب) اصول تفسیر (ج) اصول حدیث (د) اصول فقہ

2۔ قرآن کا نزول اتنے حروف پر ہوا:

(الف) 17 (ب) 15 (ج) 14 (د) 13

3۔ واعظین کے ذمہ ہے:

(الف) علم الاحکام (ب) علم التذکیر بآلاء اللہ (ج) علم الجدل (د) تینوں

4۔ فقہاء کے ذمہ اس کی تفصیل ہے:

(الف) علم الاحکام (ب) علم الجدل (ج) علم التذکیر باللہ (د) تینوں

5۔ علم الجدل کو بیان کرنا ان کی ذمہ داری ہے:

(الف) متکلمین (ب) واعظین (ج) فقہا (د) تینوں

6۔ قرآن مجید میں ان گمراہ فرقوں سے مجادلہ کیا گیا ہے:

(الف) یہود (ب) نصریٰ (ج) مشرکین (د) تینوں

7۔ ملت ابراہیمی کے شعائر میں سے ہے:

(الف) حج (ب) غسل جنابت (ج) مسجد حرام کی تعظیم (د) تینوں

8۔ نسخ کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

9۔ یہود کو شاہ صاحب نے نمونہ قرار دیا ہے:

(الف) علماء سوء کا (ب) بادشاہ کے حواریوں کا (ج) نصاریٰ کا (د) تینوں کا

10۔ نصاریٰ کا شاہ صاحب نے نمونہ قرار دیا ہے:

(الف) جاہل مریدوں کو (ب) علما سوء کو (ج) وزیروں کو (د) تینوں کو

ورق الٹئے

11۔ "مناہج العرفان" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) ڈاکٹر طاہر القادری (ب) ڈاکٹر عفان القادری (ج) ڈاکٹر حسن قادری (د) ڈاکٹر حسین قادری

12۔ لفظ قرآن کا معنیٰ ہے:

(الف) پڑھنا (ب) پڑھا ہوا (ج) باری باری پڑھا جانے والا (د) تینوں

13۔ قرآن مجید میں قرآن پاک کے یہ اسماء مذکور ہیں:

(الف) الذکر (ب) الکتاب (ج) البرھان (د) تینوں

14۔ قرآن مجید کی سورتوں کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

15۔ تورات اس نبی پر نازل ہوئی:

(الف) حضرت موسیٰؑ پر (ب) حضرت عیسیٰؑ پر (ج) حضرت داؤدؑ پر (د) حضرت نبی اکرم ﷺ پر

16۔ امام شافعی کا موقف ہے کہ لفظ قرآن ہے:

(الف) جامد (ب) مشتق (ج) مصدر (د) تینوں

17۔ لفظ "رَطَبٌ" کا معنیٰ ہے:

(الف) خشک (ب) تر (ج) نرم (د) سخت

18۔ "ستجزون" یہ صیغہ ہے:

(الف) ماضی کا (ب) مضارع کا (ج) امر کا (د) اسم فاعل کا

19۔ قرآن کریم میں رکوع ہیں:

(الف) 540 (ب) 560 (ج) 666 (د) 6666

20۔ قرآن پاک کی کل منازل ہیں:

(الف) 7 (ب) 8 (ج) 9 (د) 10

15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ تفسیر اور تاویل میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ "الفوز الکبیر" کا مختصر تعارف تحریر کریں۔
3۔ "علم الاحکام" سے کیا مراد ہے؟
4۔ علم تذکیر باللہ سے کیا مراد ہے؟ اس کی تفصیل کس کے ذمہ ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ قرآن مجید میں جن گمراہ قوموں کے ساتھ مخاصمہ کیا گیا ہے۔ ان کے نام لکھیں۔
6۔ ملت ابراہیمی کا تعارف لکھیں۔
7۔ تشبیہ باری تعالیٰ کے قائل کون ہیں؟ تحریر کریں۔
8۔ حضرت شاہ ولی اللہ نے منافقین کا نمونہ قرار دیا ہے؟ وضاحت کریں۔
9۔ منافقین کا رد کیسے کیا جائے گا؟ "الفوز الکبیر" کی روشنی میں تحریر کریں۔
10۔ تحریف لفظی کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔
11۔ اقانیم ثلاثہ کے قائل کون ہیں؟ تحریر کریں۔
12۔ عقیدہ مصلوبیت سے کیا مراد ہے؟ اس کا رد قرآنی آیت کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "مناهج العرفان" کتاب کا پورا نام تحریر کریں۔
2۔ اعجاز قرآن سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال بھی لکھیں۔
3۔ قرآن کی تعریف کریں۔
4۔ کیا قرآن سائنس کا رد کرتا ہے؟ مختصراً تحریر کریں۔
5۔ ہدایت کا سب سے بڑا ذریعہ قرآن مجید ہے؟ مختصراً تحریر کریں۔
6۔ قرآن مجید ہدایت کا دائمی ذریعہ ہے؟ مختصراً تحریر کریں۔
7۔ قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت پر دو لائنیں تحریر کریں۔
8۔ قرآن مجید کی ہر سورۃ اور آیت میں ایک نغمگی موجود ہے؟ ایک مثال تحریر کریں۔
9۔ قرآنی پیشین گوئیوں میں سے کوئی ایک تحریر کریں۔
10۔ قرآن مجید کے کل اسماء میں سے 5 لکھیں۔
11۔ لفظ قرآن کے لغوی معانی لکھیں۔
12۔ حفاظت و کاملیت قرآن سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. علم الاحکام، علم الجدل اور علم تذکیر بایام اللہ میں سے کسی دو کی وضاحت "الفوز الکبیر" کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. قرآن مجید میں گمراہ فرقوں کے ساتھ کس طرح مخاصمہ کیا گیا ہے؟ تفصیلاً لکھیں۔
iii. نسخ پر ایک تفصیلی نوٹ "الفوز الکبیر" کی روشنی میں لکھیں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اعجاز قرآن کو عملی شہادتوں کے ذریعے تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. قرآنی صداقت کے خارجی قرآئن تفصیلاً تحریر کریں۔
iii. مصنف "مناهج العرفان" کے مصنف کے حالات زندگی تفصیلاً تحریر کریں۔